Web: https://www.dailysadaepakistan.com , Email: dailyspak.isb@gmail.com

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن کے تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بہاولپور، راولپنڈی سے بیک وقت شائع ہونے والا اسلامی روزنامہ

Daily SADA-E-PAKISTAN Rawalpindi

روزنامہ صدائے پاکستان راولپنڈی

بانی:۔ رانا عبدالسلام مرحوم

چیف ایڈیٹر: رانا عدنان

جلد:08 | بدھ 09 جولائی 2025ء بمطابق 13 محرم الحرام 1447ھ قیمت 10 روپے سالانہ 3000 روپے | شمارہ:72

انڈیا پاس اور فلائی اوور راولپنڈی کے عوام کیلئے گیم چینجر ثابت ہونگے مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پنجاب میں پینے کے صاف پانی کے پراجیکٹ شروع کرنے کا اعلان، لمری میں پانی کی فراہمی کا مسئلہ جلد حل کرنے اور نالہ لئی کی تعمیر و توسیع کے پراجیکٹ کی تیاری کا اعلان

ریکارڈ ٹائم میں تکمیل پر تعمیرات و مواصلات کی سٹارٹیم، منسٹر صہیب بھرت اور سیکرٹری سہیل اشرف کو شاباش دیتی ہوں، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا راولپنڈی میں این ایس ایف فلائی اوور اور سی پی او انڈر پاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (پیپلز رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راولپنڈی میں نواز شریف فلائی اوور اور سی پی او انڈر پاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں اہم اعلانات کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں پینے کے صاف پانی کے پراجیکٹ شروع کرنے کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جنوبی پنجاب اور پوٹھوہار میں پینے کے صاف پانی کے لئے پائپ لائین بچھانے کے منصوبے کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب جلد اپنے اور پینے کے صاف پانی کے لئے پائپ لائین بچھانے کے (صفحہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ذری شیخ سے متعلق امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سپورٹس جرنلسٹس دنیا بھر میں سفیر کا کردار ادا کرتے ہیں، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سپورٹس (صفحہ نمبر 2)

انسان دوستی کی عظیم مثال، سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کو ہم سے بچھڑے 9 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) انسان دوستی کی عظیم مثال، سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کو ہم سے بچھڑے (صفحہ نمبر 3)

محرم گزر گیا، اب پارٹی لائحہ عمل دے گی، بانی نے پلان بنایا ہوا ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ (صفحہ نمبر 13)

سابق صدر عارف علوی کیخلاف اندراج مقدمہ کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) سیشن عدالت لاہور نے سابق صدر پاکستان عارف علوی کے خلاف اندراج مقدمہ (صفحہ نمبر 12)

میں ٹھکرا کر یا اپوزیشن جماعتوں کی سیاست کا حصہ بننا نہیں چاہتی، دریا خان

کراچی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کی سابق اہلیہ ریحام خان نے کہا ہے کہ (صفحہ نمبر 10)

پاکستان میں کلائمیٹ کورٹس بنانے کی ضرورت ہے، جسٹس منصور علی شاہ

پاکستان جرمن واچ کے کلائمیٹ رسک انڈیکس 2025 میں سب سے زیادہ متاثرہ ملک قرار پایا ہے

اسلام آباد (پیپلز رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں کلائمیٹ کورٹس بنانے کی ضرورت ہے اور موسمیاتی تبدیلی پر قومی کانفرنس کے ذریعے مشترکہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے قومی پالیسی، مشترکہ اور مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی اور ان کے اثرات سے نمٹنے کے لیے اسلام آباد میں پاکستان کی آخری دفاعی لائن کے عنوان سے قومی (صفحہ نمبر 8)

”قانون کی پاسداری سب کے لیے برابر ہے“

وزیراعلیٰ مریم نواز کی جنید صفدر کا چالان کرنے والے ٹریفک وارڈن کو شاباش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے بیٹے جنید صفدر کا ٹریفک قانون کی خلاف ورزی پر چالان کرنے والے ٹریفک وارڈن کو شاباش دی ہے۔ لاہور کے علاقے جوہر ٹاؤن میں پولیس نے ٹریفک قانون کی خلاف ورزی کرنے پر جنید صفدر کی (صفحہ نمبر 4)

موسلا دھار بارشیں، مریم نواز کا تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں موسلا دھار بارشوں کے پیش نظر (صفحہ نمبر 5)

مصنوعی ذرعی آلات کی برآمدات میں اضافہ ترجیح، شہباز شریف

ملک کی معروف کاروباری شخصیات کی ملکی معاشی استحکام پر وزیر اعظم کی قیادت اور حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی تعریف، ہماری آئندہ ملاقاتیں بھی بامعنی اور نتیجہ خیز ہونگی

استحکام کے بعد ہدف ملکی معیشت کی ترقی، برآمدات میں اضافہ، روزگار کی فراہمی، صنعتی ترقی اور ملک میں بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) ملک کی معروف کاروباری شخصیات نے ملکی معاشی استحکام پر وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت اور حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی تعریف کی ہے۔ جاری اصلاحات کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے صنعتی شعبے کی معروف کاروباری شخصیات نے ملاقات کی جس میں معیشت و صنعت کی ترقی، برآمدات میں اضافے اور کاروباری برادری کے مسائل کے حل پر مشاورت کی گئی۔ وزیر اعظم نے شرکا کا شکریہ ملاقات کیا اور کہا کہ معاشی استحکام کا سہرا حکومتی ٹیم کی انتھک محنت کو جاتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ استحکام کے بعد ہدف ملکی (صفحہ نمبر 11)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے میں پاکستان کی مسودہ تجاویز کا جائزہ لینے کے لیے ایک کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

قوم ایک متحد ہے اور سازش کو ناکام بنانے کے لیے تیار ہے، محسن نقوی

یوم آزادی 2025 ”معرکہ حق“ کے عنوان سے منایا جائیگا، قوم کی جرات، اتحاد اور روشن مستقبل کی امید کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان کی ہدایت پر اسلامی یوم آزادی بھرپور قومی جذبے اور وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئی این (صفحہ نمبر 14)

عدالت میں 27 یوٹیوب چینلز بند کرنے کی درخواست ایف آئی اے نے دی، ایف آئی اے

میڈیا نمائندگان غیر مصدقہ خبریں شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق یقینی بنائیں، ادارے سے ازخود کریں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے نے اسلام آباد کی مقامی عدالت کی جانب سے جاری عبوری بیان میں کہا گیا ہے کہ پیکٹل ساجد کریم اور شکیلہ ایجنسی باقاعدہ طور پر فعال ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا (صفحہ نمبر 15)

جسٹس رزاق خان بزنجو نے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے عہدے کا حلف اٹھایا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ ایک پروقار تقریب حلف برداری میں جسٹس رزاق خان بزنجو نے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ (ایل ایچ سی) کے عہدے کا حلف اٹھایا جہاں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ان سے حلف لیا۔ مذکورہ (صفحہ نمبر 16)

وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کیبنٹ ارجن، اسلام آباد میں پاکستان سول ایوارڈز 2025 کی ذیلی کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

”روایتی طریقہ کار سے ہٹ کر جدید موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی“ احسن اقبال

وفاقی وزیر کی زیر صدارت وزارت منصوبہ بندی میں اصلاحاتی عمل کے جائزہ اجلاس، مختلف امور پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت وزارت منصوبہ بندی میں جاری اصلاحاتی عمل کے جائزے کے لئے اہل کمیٹی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری منصوبہ بندی، اویس منظور سرور، چیف اکانومسٹ، ممبران پلاننگ کمیشن اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے قومی ترقی کے عمل میں ابھرتی ہوئی ضروریات اور عالمی (صفحہ نمبر 17)

پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذاکرات کا پہلا دور مکمل

دہشتگردی علاقائی امن و سلامتی کیلئے مشترکہ خطرہ قرار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور افغانستان کے درمیان اعلیٰ سطحی مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہو گیا جس میں دونوں ممالک نے دہشتگردی کو علاقائی امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق (صفحہ نمبر 3)

جسٹس سرفراز ڈوگر نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے عہدے کا حلف اٹھایا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس سرفراز ڈوگر نے چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ چیف (صفحہ نمبر 7)

راولپنڈی: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ایس پی پی ایف ایف کے ہمراہ پریس بریفنگ کا اختتام کرنے کے بعد علاقے کا دورہ کر رہی ہیں۔

بھارت، ایران کی طرز پر افغانستان بارڈر پر بھی انتظامات ہونے چاہئیں، خواجہ آصف

غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، ہزاروں ایکڑ پر قبضہ کر کے غیر قانونی کالونیاں بنا رکھی ہیں، اسٹرٹیجک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت، ایران کی طرح افغانستان بارڈر پر بھی ویسے ہی انتظامات ہونا چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں۔ افغان (صفحہ نمبر 9)

کیا جیل میں جلسے کا انتظام کریں، حسن بانی پی ٹی آئی قیدیوں سے فرماسکیں، عظمیٰ بخاری

بانی پی ٹی آئی کا سارا لہجہ ملاقات کرتا، بشریٰ بی بی کا لہجہ الگ ملاقات کرتا ہے، وکلاء علیمہ ملاقات کرتے ہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے علیمہ خان سے سوال کیا بانی پی ٹی آئی کے وکلاء علیمہ ملاقات کرتے ہیں اور عظمیٰ کریں کیا ملاقات کریں؟ کیا جیل میں ایک جلسے کا انتظام کریں، جس میں بانی پی ٹی آئی جیل سے قیدیوں سے خطاب فرما سکیں؟۔ (صفحہ نمبر 29)

ہائیکورٹ کے سفیر نے وزیراعظم سے سفارتخانے کے سامنے پانی کھڑا ہونے کی شکایت کر دی

شہباز شریف کا نوٹس، اداروں سے رپورٹ طلب، معاملہ حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں ہائیکورٹ کے سفیر نے وزیراعظم کے سامنے تین روز سے بارش کا پانی جمع ہونے کی شکایت کر دی۔ شہباز شریف نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے رپورٹ طلب کی اور مسئلہ حل کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپلومیٹک انکلیو میں تین سڑک بنے سے برساتی نالہ بند ہو گیا جس کے باعث ایچ سفارتخانے کے باہر بارش کا پانی جمع ہوا، وزیراعظم شہباز شریف نے (صفحہ نمبر 28)

اورنگزیب کھچی سے یونیسکو کے نمائندے کی ملاقات

یونیسکو اور وزارت قومی ورثہ و ثقافت کا پاکستان میں ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) یونیسکو اور وزارت قومی ورثہ و ثقافت نے پاکستان میں ثقافتی ورثے اور تاریخی مقامات کے تحفظ کے لیے باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ منگل کے روز وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت محمد اورنگزیب خان کھچی اور پاکستان میں یونیسکو کے نمائندے اور پاکستان کے درمیان اسلام آباد میں ہونے والی ملاقات کے دوران کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری اس رحمان کیانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں یونیسکو کے (صفحہ نمبر 27)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و پیشرز میں کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رشید پی ڈی ایم اے کے میڈیا آفس میں فلیش فلڈنگ کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔

فیصل آباد میں سابق چیئرمین فیسکو کی رہائش گاہ پر چھاپہ

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب کیلئے محمد نواز شریف کے خاندان کی ملکیت کی ملاکی کی ملاکی کی ملاکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزنامہ
صدائے پاکستان
بہاول پور
راولپنڈی

ایس سی او میں بھارت کی سبکی

شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان نے بڑی کامیابی حاصل کر لی جبکہ بھارت کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تنظیم کی وزرائے دفاع کے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہو گیا، جس کے باعث بھارت کے مشترکہ اعلامیے پر متفقہ سے انکار کر دیا۔ آمدہ اطلاعات کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع اجلاس کے اعلامیے میں ٹی ٹی پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہو گیا، کھلجاہٹ کا انکار بھارتی وفد نے مشترکہ اعلامیے پر متفقہ سے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور وزیر جسٹس فرٹ (کشمیری آزادی پسند تنظیم) سے جوڈ کر پابندی کر دیا کہ یہ لفظ پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے۔ پھر پاکستان کو بیچ میں بلا جواز گھسیٹنے پر اجلاس نے خاطر خواہ توجہ نہ دی۔ جس کے باعث بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے کا بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب ہو گیا۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق بھارتی وفد اعلامیے میں پاکستان کی مذمت کیلئے شامل کرتا رہا تاہم رکن ملکوں کے وفود نے بھارتی موقف کی حمایت سے انکار کر دیا۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بلوچستان میں دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق بیجنگ نے مشرقی ساحلی شہر ینگ ڈاؤ میں بحرات کو ایران، روس، پاکستان، روس، بیلاروس اور دیگر ممالک کے وزرائے دفاع کی میزبانی کی، جو ایسے وقت پر ہوا جب مشرق وسطیٰ میں جنگ جاری ہے اور یورپ میں نیٹو ممالک دفاعی اخراجات بڑھانے پر متفق ہو چکے ہیں۔ یہ اجلاس 10 رکنی شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت منعقد ہوا، اسے بیجنگ طویل عرصے سے مغرب کی زیر قیادت طاقت کے بلاکس کے مقابلے میں ایک متبادل پلیٹ فارم کے طور پر پیش کرتا آیا ہے۔ بیجنگ اس تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان سیاست، سکیورٹی، تجارت اور سائنسی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیتا ہے۔ بیجنگ ڈاؤ، جو ایک اہم ساحلی بحری اڈہ بھی ہے، میں یہ اجلاس ایک ایسے وقت میں منعقد ہوا جب اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 دن کی شدید لڑائی کے بعد ایک نازک سیز فائر نافذ ہے۔ اجلاس میں بھارت کے اہمیت ڈوبل کو پاکستان کے قومی سلامتی کے مشیر لفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے بھی لاجواب کر دیا اور عاصم ملک کے ہاتھوں ناک آؤٹ ہونے کے بعد اہمیت ڈوبل خاموش ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق اس اجلاس میں اہمیت ڈوبل نے اپنی تقریر میں آپریشن سندور کو دہشتگردوں کے خلاف کارروائی قرار دیا اور بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کے خلاف الزامات لگائے لیکن پاکستان کی قومی سلامتی کے مشیر عاصم ملک نے اپنی مدلل اور زوردار تقریر میں اہمیت ڈوبل کے بیانیے کو جھوٹ کا پلندا قرار دیکر مسترد کر دیا۔ انہوں نے اجلاس میں اہمیت ڈوبل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا کہ بھارت اپنے اندرونی مسائل اور ناکامیوں کی ذمہ داری دوسروں پر ڈالنے کا عادی ہو چکا ہے۔ عاصم ملک نے مزید کہا کہ بھارتی ریاست کے بلوچستان اور غیر پاکستانی دہشتگردوں کے ساتھ روابط کے ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں۔ یہ اجلاس نیٹو رہنماؤں کی وی ڈیک میں ہونے والی کانفرنس کے اگلے ہی دن منعقد ہوا، جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ پر رکن ممالک نے دفاعی اخراجات میں اضافے پر اتفاق کیا۔ چینی وزیر دفاع ادوگ جون نے اجلاس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک ایسے عالمی ماحول میں توازن کی کوشش قرار دیا جو ظفر اقتزری اور عدم استحکام کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا صدی کی بڑی تبدیلیاں تیز ہو رہی ہیں، یک طرفہ پالیسیاں اور قطبی پسندی بڑھ رہی ہے، جارحانہ تسلط پسند اور خوش پر مبنی رویے عالمی نظام کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ڈوگ جون نے شرکا پر زور دیا کہ وہ پرامن ترقی کے ماحول کو مشترکہ حفاظت کے لیے زیادہ مؤثر اقدامات کریں۔ بھارت کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ بھی اجلاس میں شریک ہوئے، انہوں نے کہا کہ ایس سی او کے رکن ممالک کو مشترکہ طور پر اپنے عوام کی توقعات اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی ذمہ داری رکھنی چاہیے۔ انہوں نے پہلگام واقعے کو دہشتگردی کا رنگ دے کر پاکستان کو سفارتی طور پر تنہا کرنے کی ناکام کوشش کی لیکن اجلاس نے مسترد کر دیا۔ یاد رہے کہ 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں مسلح افراد کے حملے میں 26 شہریوں افراد مارے گئے تھے۔ انڈیا نے اس حملے کا الزام پاکستان پر عائد کیا تھا جس کے ثبوت تاحال سامنے نہ آ سکے اس حملے کے بعد انڈیا نے چھٹی کی شب پاکستان پر حملہ کر دیا تھا۔ کئی دنوں تک جاری رہنے والے میزائل اور ڈرون حملوں کے الزامات کے بعد پاکستان اور انڈیا کے درمیان فوجی کارروائیوں کا تبادلہ اس وقت ہوا جب 10 مئی کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ امریکہ کی کوششوں کے نتیجے میں دونوں ملک فوری اور مکمل سیز فائر پر رضامند ہو گئے ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایک بھارتی ایڈونچر تھا جو بری طرح فیل ہو گیا۔

اسماعیل میرٹھی کی پتنگ یا اپنے قاضی صاحب۔۔

تحریر
پروفیسر منظور عباسی

قاضی محمد منفعلا کا نام ذہن میں آتے ہی مجھے اسمٰعیل میرٹھی کی نظم یاد آتی ہے، سنئے:

تیرے بل اڑتی ہے یہ پتنگ
تیرے ہی پونی سے یہ ہے رنگ
تجھ کو تو نہیں کسی تھک کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

قاضی صاحب کیا بلند اڑان کے لیے ہی تھے، قاضی صاحب کی شخصیت جو کچھ بھی ہو مجھے وہ دمن وان اس پتنگ کی تعبیر نظر آتے ہیں۔ اب اس نظم کو پڑھیے اور قاضی صاحب کی شخصیت کیبرت کھولتے جائیے، کیا پیچیدہ شعر ہے پتنگ کی خصوصیات شرح کرتے ہیں، ہاں تو کی پتنگ کی پوری، کبھی تھک کر نہیں تھکتی، پہلے صفحہ پلٹ کر پڑھتے رہتے ہیں، آندھی بارش راستہ نہیں روک سکتے، پیچنے میں ذرا دیر نہیں لگاتی۔ بڑے کام کی ہے اب پتنگ کی ایک ایک صفت لیجئے اور قاضی صاحب کی صفات پر نظر ڈالتے جائیے، آپ کو سر توفیق نظر نہیں آئے گا۔ اس نظم کو پڑھیے کہ یہ پتنگ کام کی دھن اور دھن کی پکی، کبھی دیکھے کے بغیر بدقت کام اور کام میں لگا نا ہے خدمت خلق اور انسان دوستی اس کا نصب العین ہے، یہی سب قاضی منفعلا کی خدمت کی پرکشش ہیں۔ قاضی صاحب قدیم وضع کے نیک سیرت دیندار، عظیم الخلق انسان تھے جو ہمہ وقت خلق خدا کی خدمت کو اپنا شعار بنا چکے تھے، مولانا کوثر نیازی لکھتے ہیں کہ وہ مولانا عاطی کی وجہ سے ہی پہلا خلق قائم کیا تھا کہ جب جانی کا ایک ہی بات ہے، اس پر بھی اقوامی بیداری خاموش ہی رہے گی یا بھارت کو پیش ذلیل کر دیا کرتے کے تحلیل پر بھی ڈٹے رہے اور تصفیہ طلب معاملات حل بھی کرائے گی۔ اگر دیکھا جائے تو اب تک عالمی برادری کا بھارت کے معاملے میں رویہ ابتدا سے ہی رہا ہے، اس کے باوجود امریکی مداخلت پر جب پاک بھارت جنگ بندی عمل میں آئی تو ہر کسی صدمے کے دونوں ممالک میں سارے ہی تصفیہ طلب مسائل کو حل کرانے میں ثالثی کی پیشکش کی تھی، تاکہ پائیدار امن کو یقینی بنایا جا سکے، مگر بھارت کی ہٹ دھرمی کے سامنے امریکہ کی ایک نہ چلی، اس کے باوجود امریکہ کا اقدام اور پرامن مستقبل کے حوالے سے لڑائی دوبارہ آغاز نہیں ہو سکا ہے، اس کے باعث دہشتگرد

قاضی صاحب کے بعد ایک تازگی میز فراز قائد ہے۔ اجلاس میں بھارت کے اہمیت ڈوبل کو پاکستان کے قومی سلامتی کے مشیر لفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے بھی لاجواب کر دیا اور عاصم ملک کے ہاتھوں ناک آؤٹ ہونے کے بعد اہمیت ڈوبل خاموش ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق اس اجلاس میں اہمیت ڈوبل نے اپنی تقریر میں آپریشن سندور کو دہشتگردوں کے خلاف کارروائی قرار دیا اور بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کے خلاف الزامات لگائے لیکن پاکستان کی قومی سلامتی کے مشیر عاصم ملک نے اپنی مدلل اور زوردار تقریر میں اہمیت ڈوبل کے بیانیے کو جھوٹ کا پلندا قرار دیکر مسترد کر دیا۔ انہوں نے اجلاس میں اہمیت ڈوبل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا کہ بھارت اپنے اندرونی مسائل اور ناکامیوں کی ذمہ داری دوسروں پر ڈالنے کا عادی ہو چکا ہے۔ عاصم ملک نے مزید کہا کہ بھارتی ریاست کے بلوچستان اور غیر پاکستانی دہشتگردوں کے ساتھ روابط کے ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں۔ یہ اجلاس نیٹو رہنماؤں کی وی ڈیک میں ہونے والی کانفرنس کے اگلے ہی دن منعقد ہوا، جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ پر رکن ممالک نے دفاعی اخراجات میں اضافے پر اتفاق کیا۔ چینی وزیر دفاع ادوگ جون نے اجلاس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک ایسے عالمی ماحول میں توازن کی کوشش قرار دیا جو ظفر اقتزری اور عدم استحکام کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا صدی کی بڑی تبدیلیاں تیز ہو رہی ہیں، یک طرفہ پالیسیاں اور قطبی پسندی بڑھ رہی ہے، جارحانہ تسلط پسند اور خوش پر مبنی رویے عالمی نظام کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ڈوگ جون نے شرکا پر زور دیا کہ وہ پرامن ترقی کے ماحول کو مشترکہ حفاظت کے لیے زیادہ مؤثر اقدامات کریں۔ بھارت کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ بھی اجلاس میں شریک ہوئے، انہوں نے کہا کہ ایس سی او کے رکن ممالک کو مشترکہ طور پر اپنے عوام کی توقعات اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی ذمہ داری رکھنی چاہیے۔ انہوں نے پہلگام واقعے کو دہشتگردی کا رنگ دے کر پاکستان کو سفارتی طور پر تنہا کرنے کی ناکام کوشش کی لیکن اجلاس نے مسترد کر دیا۔ یاد رہے کہ 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں مسلح افراد کے حملے میں 26 شہریوں افراد مارے گئے تھے۔ انڈیا نے اس حملے کا الزام پاکستان پر عائد کیا تھا جس کے ثبوت تاحال سامنے نہ آ سکے اس حملے کے بعد انڈیا نے چھٹی کی شب پاکستان پر حملہ کر دیا تھا۔ کئی دنوں تک جاری رہنے والے میزائل اور ڈرون حملوں کے الزامات کے بعد پاکستان اور انڈیا کے درمیان فوجی کارروائیوں کا تبادلہ اس وقت ہوا جب 10 مئی کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ امریکہ کی کوششوں کے نتیجے میں دونوں ملک فوری اور مکمل سیز فائر پر رضامند ہو گئے ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایک بھارتی ایڈونچر تھا جو بری طرح فیل ہو گیا۔

سولفظوں کی کہانی۔۔۔۔ (آغاز محرم)

شاہد کاظمی

دو نسخہ کا افسردہ چہرہ،
آنکھیں آنسوؤں سے لبریز،
اس کے سیاہ ماتمی لباس نے مجھے
پریشان کر دیا۔۔۔۔
تم تو کہتی تھی ہو،
تمہارے باپ دادا میں سے بھی کوئی
شیعہ نہیں تھا،
پھر یہ تم کالا لباس پہن کر محرم کے آغاز میں،
ماتمیوں کی طرح بنے ہوئے ہو؟
یہ ماجرا، کیا ہے؟ میں نے حیرت
سے پوچھا۔
دونسخہ نے آپ کر مجھے دیکھا،
اس کا جواب میرا سر جھکا گیا۔
وہ بولا۔۔۔۔۔
امام عالی مقام شیعوں کے نہیں،
پوری کائنات کے ہیں،
ان پر ہونے والے ظلم پر وہ ایک فرقہ نہیں،
پوری انسانیت کے لیے لازم ہے۔

مرادنبی ﷺ۔۔۔۔۔

بہت کا چشمہ سال جاری تھا مصر اتنا لیس افراد حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے۔ مسلمانوں کو کعبے میں نماز پڑھنے کی اجازت تھی۔ دیگر کوئی مسلمان اگر عبادت کرتے تنگ آ جاتا تو اس کی زندگی جہنم بنا دی جاتی اس پر قیامت ٹوٹ پڑتی مکہ کی گلیاں بازار اور وادی اہل اسلام کے لیے عقوبت خانے بن چکے تھے۔ مشرکین ظالم اور مسلمان مظلوم تھے۔ تمام مسلمانوں کی حالت تو کیا ہوگی خود محبوب خدا ﷺ کی ہر لمحہ کا نکاتہ نہ بچے تھے۔ غریب اور غلام مسلمانوں کے لیے کہ شہر چھانی گھاٹ بنا ہوا تھا صحابہ کرام کو دیکھ کر چپ چپ کر لیتے کو گزار لے رہے تھے۔ مسلمانوں کی حالت زار سرور دو عالم ﷺ سے برداشت نہ ہوتی تھی اور پھر تاریخ اسلامی تھی تاریخ انسانی کا عظیم واضح رہنما ہوا جب ذات کا مجید خدا اور بعد کا دن سرور کائنات ﷺ نے اپنے صاحبوں کی بے بسی اور اہل مکہ کی بے حسی دیکھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے خدایا اسلام کو عمر بن ہشام یا عمر بن خطاب کے ذریعے تقویت عطا فرما ان دنوں میں سے جو بھی تھے محبوب ہوا سے مشرف باسلام فرما اور پھر اگلے ہی دن قریش کے قبیلہ عدی کا طویل قامت سرخ چہرہ بلند نگاہ اور غیظ ناک شخص انسان کمر سے اس لیے نکلا کہ سر زمین عرب خدا کا پیام سنانے والے تہذیب کے خلاف تھی کے جوش کو سر بلند کرے گا۔ اس کے ہاتھ میں تلوار، کیونکہ لوگوں نے کہا تو پہلے اپنے گھر کی تو خبر لو تمہاری بہن اور بہنوئی بھی مسلمان ہو چکے ہیں یہ سن کر وہ اپنی بہن کے گھر غضب ناک ہو کر گیا اور یوں یہ کیا سرگوشیاں کر رہے ہو اور یوں اور کیا کر رہے ہو اس پر اس کے بہنوئی نے کہا کہ ہم نہیں تم ہو تو وہ غصے سے بے قابو ہو گیا اور اپنی بہن اور بہنوئی کو مارنے کا ارادہ کر بیٹھا۔ مارنے کا تو تھک کر بولا مجھے بتا تم کیا پڑھ رہے تھے پھر اس نے نوجوان کے سامنے وہ کلام پڑھا کہ جو پہاڑوں پر بادل کر دیا جاتا تو پورا سلسلہ

احتیاط کے ساتھ۔۔۔۔۔

فکر جہاں
محمد مہدی

مشکل بیرونی کے ذریعے کی جاتی ہے اور یہ ایک طے شدہ بات ہے کہ کوئی دشمن اپنی توڑ تک سفارتی راستے کسی قاعدہ قرینے سے تحریر کرتا ہوا بنیادی کام انٹیلیجنس افسران کے ذریعے خاصہ پالیسی کو تشکیل دینے کی جانب جایا جاتا ہے اور اہداف حاصل کرنے کیلئے اس پالیسی پر عمل کیا جاتا ہے تو یہاں کی استطاعت سے زیادہ کی توقع ہوتی۔ جب آرمی چیف کے دورہ امریکہ کے دوران غیر روایتی سفارت کاری کو اپنایا گیا تو اسکے فوری نتائج برآمد بھی ہو گئے۔ اور انڈیا پر جو بوجھ بڑھ رہا تھا اس کو کم کرنے میں اس کے اثرات عالمی سیاست پر نظر آنا شروع ہو گئے۔ یہ حقیقت بھی سب کے سامنے آنی چاہئے کہ اس غیر روایتی سفارت کاری اور اس کے نتیجے میں صدر ٹرمپ سے آرمی چیف کی ملاقات کو مکمل طور پر حکومت کی حمایت حاصل تھی۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کو کہ بہت محرک ثابت ہوئے ہیں وہ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر براہ راست اس ملاقات بلکہ اور دے کو کامیاب بنانے کیلئے تگ و دو میں مصروف تھے اور اس ملاقات کے حوالے سے مصروف گزرنے والوں اور خرچی مظہر ثاء ترانے والوں کو سوائے اپنی حسرتوں پر آنسو بہانے کے علاوہ اور کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اگلا سوال تھا کہ یہ کیوں ہو رہا ہے تو معاملہ واضح ہے کہ پاکستان نے بلوکار کر دی عسکری محاذ پر دکھائی تو اس نے امریکہ سمیت ساری دنیا چونک گئی اور صرف امریکہ ہی نہیں بلکہ ہمارے دوست بھی اس پر انگشت بدنداں ہو گئے۔ جنرل ساحر شمشاد مرزا کا یہ کہنا کہ 96 گھنٹوں کے دوران یہ کچھ ہوا، مکمل طور پر پاکستان نے اپنے خود پر کیا۔ کہیں سے کوئی مدد نہیں حاصل کی تھی، واضح کہتا ہے کہ پاکستان نے جو بھی کیا اپنے بل بوتے پر کیا۔ ایک ایسی کیفیت امریکہ کی اختیار کی تھی انڈو پیسفک پالیسی سے لے کر کواڈ تک کے حوالے سے سوالات خود امریکی پالیسی سازوں، تھنک ٹینک سے وابستہ ماہرین تک کے سامنے کھڑے ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹر مارک جیکب پاکستان ایمبیسڈر کے ماہرین نے امریکہ کی تشکیل کی پالیسی پر سوالات کر ڈالے۔ صدر ٹرمپ نے اس ملاقات میں پاکستان کی جانب سے دہشت گردوں کی گرفتاریوں سے لے کر پاکستان کی جانب سے امریکی درخواست کو تسلیم کرتے ہوئے حزب التحریر ملزمان کو نہ دھول چٹانے کی بات کی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایران کے حوالے سے گفتگو ہوئی، یہ واضح رہے کہ امریکی حملوں کے بعد ایران کی ایٹمی تنصیبات کو کوئی خاص نقصان نہیں پہنچا اور پاکستان کی خواہش ہے کہ اس جنگ کا جلد از جلد خاتمہ ہو، اور امریکہ میں یہ تصور بہت مضبوط ہے کہ پاکستان کردہ صورتحال کے پابند ہیں جن سے ثریا نظیں نہیں رکھتا اور امریکہ چاہتا ہے کہ پاکستان ایران کی ثالثی امریکہ کے ساتھ بھی کاروباری تعلق حزب مضبوط بنائے۔ دنیا اس وقت سنگل الائنمنٹ یا نان الائنمنٹ خارجہ پالیسی سے آگے بڑھ کر ملٹی الائنمنٹ خارجہ پالیسی کی جانب جا چکی ہے اور پاکستان کو بھی دنیا بھر میں دوستوں کی تعداد کو بڑھانے کی حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے۔ اور یہ بات واضح ہے کہ ہمارے سرد و گرم ہر موسم کے دوست ہیں کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ پاکستان کے تعلقات امریکہ سے کس حد تک حزب بڑھ جاتے ہیں، دونوں ممالک کی دوستی اس سے بلند ہو چکی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس ملاقات سے حزب مثبت نتائج کیسے حاصل کئے جا سکتے ہیں؟ سب سے پہلے تو اس بات پر فوری دھیان دینے کی ضرورت ہے کہ غیر روایتی سفارت کاری کرنے کی غرض سے براہ راست تکنہ اقدام کیا جائے، ایک پوری ٹیم تشکیل دی جائے، ایسی جو ہمارا سفارتی مشن گیا تھا اور انڈیا کا سفارتی مشن مقابلے میں تھا اس کا تقابلی جائزہ سمجھنے کیلئے ضروری ہے کہ دیکھا جائے کہ دونوں ممالک کے وفود کی ملاقاتیں کس سطح پر ہوئیں؟ ہمیں جلد از جلد غیر روایتی سفارت کاری کی جانب بڑھنا چاہیے۔

پاکستان ادب کے معمار، ڈاکٹر شیخ محمد اقبال شخصیت اور فن



تحریر
شاہد بخاری

قسط نمبر 2

محمد اقبال کی پیدائش اور ان کی بچپنی کے حوالے سے شیخ اعجاز لکھتے ہیں:

"میرے بڑے بھائی محمد اقبال کی پیدائش ہی سے کمزور تھی یہ آنکھوں میں درد کی وجہ سے گھنٹوں رویا کرتا تھا ہم سمجھتے تھے کہ اسے کوئی پیٹ کی تکلیف ہے اتفاق سے میں بچپن سے امرتسر اپنے رشتہ داروں سے ملنے گیا وہاں محمد اقبال کی آنکھوں کا معائنہ کیا ڈاکٹر سوہن سنگھ نے کہا انہوں نے تمام آنکھوں میں کالا موتیا ہے تو علاج کروانا کیں دیر نہ پہنچائی جائے۔ رہی کے۔ پاکستان کے وقت جب ہم کراچی سے پاکستان آئے تو محمد اقبال کی عمر تقریباً 2 سال کی ملازمت کے سلسلے میں مجھے جزیرہ جلال پور شیعیاں خوشاب ضلع سرگودھا میں اور ڈل سکول کے ہاسٹل میں داخل کیا گیا پھر ایک سال تک گورنمنٹ ہائی سکول حضرو ضلع اٹک میں، 1950 تک ملازم رہا، پھر گورنمنٹ ہائی سکول خوشاب ضلع سرگودھا میں منتقل کر دیا گیا اور میں نے داخل خوشاب میں اختیار کی۔ محمد اقبال اور انکے بھائی محمد اشفاق کو میں نے بابر جہنم ڈاکٹر محمد رمضان صاحب میو ہسپتال لاہور کو دکھایا انہوں نے محمد اقبال کے علاج کے لیے ہدایت کی اور محمد اشفاق کی آنکھ کا اپریشن کیا جو کامیاب رہا لیکن بعد میں میری عدم موجودگی میں اس نے بھاگ دوڑ کی اور آگاہ پر زور کر کے اور بھائی باضی چلتی رہی جس کو ڈاکٹر رمضان بھی درست نہ کر سکے کیل ازیں میں نے محمد اقبال اور محمد شفیق کو (جب ان کو کچھ نظر آتا تھا) اپنے گھر کے نزدیک پرائمری سکول میں داخل کروایا تھا جب یہ تیسری جماعت میں تھے کہ دونوں کی بینائی جاتی رہی بھٹ صدمہ ہوا ایک پاؤ نمازی اور پابند شریعت ہوتے ہوئے بھی اس تقسیم شاک کی وجہ سے میں نے پیشہ ور طور پر دیکھا جہنم میں (جو کہ

مفتی عنایت الرحمان ہزاروی اک نام اک پہچان

خاصمیات
عاصم نواز طاہر خیلی

مفتی عنایت الرحمان کی خواہش تھی کہ میں ان کی کتاب ذکر وہ۔ انا کیوں اکوڑی یوسف زئی پر تبصرہ کروں۔ کتاب پر تبصرہ کیلئے تو لازم ہے کہ اس کے لفظ لفظ کا مطالعہ ہو تاکہ بھی کتاب میں کہیں گر پڑیا۔ اس لیے سوچا کہ کیوں نہ ان کی شخصیت اور ادبی خدمات پر ایک مختصر سا تبصرہ لکھوں تاکہ دیر نہ ہو جائے اور وہ اس شعر کی صورت نہ بن جائے:

آنے میں معاو ہو لگاتے ہی رہے تم
جاتے رہے ہم جان سے آتے ہی رہے تم

مفتی عنایت الرحمان ہزاروی کی شخصیت کو لفظ کی اپنی اپنی خوبیوں سے نوازا ہے کہ لکھا جائے تو اک طویل مضمون بن جائے۔ آپ بزم مفتی ہزارہ اور ادارہ تحقیق الاسلام پاکستان کے جنرل سیکرٹری اور انتہائی فعال کارکن ہیں۔ آج سے تقریباً دو سال پہلے جب میں نے بزم مفتی ہزارہ کے صدر تعلیم شاہد الرحمان کی معاونت سے ہزارہ کے مفتیوں کی بزم ہوا تھی تو ان چند اشخاص سے پہلا تعارف ہوا ان میں مفتی صاحب بھی شامل تھے۔ آپ کا خاندانی تعلق بھی قابل ذکر ہے۔ آپ کے والد مولانا عزیز الرحمان کی وساط

بقیہ 1

ہوئے کردار پر روشنی ڈالی اور مشکل حالات میں وژن، جنگجو سے علاوہ پر ٹھنے کے لیے جاری جاری عمل تھے، اور علاوہ جاری پیشہ ورانہ مہارت کی اہمیت پر زور دیا۔ سید عاصم منیر نے پاکستان، روایتی اور غیر روایتی خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کی صلاحیت رکھنے والی مستقل کی تیاری کی تیاری میں جنگی و غیر جنگی یونیورسٹی جیسے اہم اداروں کے کردار کو سراہا اور سول اور عسکری اداروں کے مابین ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ بھارت آپریشن سندور کے دوران اپنے مقرر کردہ فوجی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ بھارت کی جانب سے آپریشن سندور میں ناکامی کی غیر منطقی توجیہات پیش کرنا دراصل بھارت کی آپریشنل تیاری اور اسٹریٹجک ڈاکٹرائن کی کمزوری کو ظاہر کرتا ہے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ آپریشن تین سروسز میں پاکستان کی کامیابی میں بھارت کی جانب سے بیرونی خطرات غیر ذمہ دارانہ اور حقائق کے منافی ہیں، اس قسم کے بیانات بھارت کی آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان کی کامیابی کو تسلیم کرنے میں روایتی تنگ نظری کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور مضبوط اداروں کی بنیاد پر کامیابی کو تسلیم کرنے سے گریزاں ہے۔ سفارت، بطور قومی قدم میں انگریز کھلی کوشش کرنا، بھارت کی جانب سیاسی کوشش ہے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ بھارت کی طرف سے اس طرح کے بے بنیاد بیانات کا مقصد ملنے میں قومی "میڈیا سکیورٹی پرائز" کے خود ساختہ رول کی ناکام کوشش ہے، وہ بھی ایسے وقت میں جب ملنے کے مراکز بھارت کی بارہ سالہ اور ہندو انتہا پسندی کے شکار ہیں۔ عاصم منیر نے کہا کہ بھارت کے خوفناک نظریہ اور گہرے تکفیر پاکستان نے اقوام عالم میں اصول، ارتقائی پختگی اور شراکت داری باہمی احترام اور امن کی علمبردار پاکستان قائم کیے ہیں اور خود کو ملنے میں ریجنل استحکام کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ فرانسیسی فوجی عہدیداروں نے ریپورٹ انٹیلی جنس سمیت شاہد ظاہر کرنے کی شرط بتاتے ہوئے کہا کہ انڈین طیاروں اور دیگر دفاعی ساز و سامان کی فرانسیسی فوجی صنعت اور حکومت کی دوسرے ممالک سے تعلقات مضبوط کرنے سمیت ذاکر داری شعبہ ہے، ان ممالک میں انڈیا کے کئی ممالک بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی ناکام رافیل طیاروں کی شہرت کو پہنچنے والے نقصان کا دفاع کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہے اس نے انہوں نے پاکستان اور انڈونیشیا پہنچانے کا اعلان کیا ہے۔ شہرت کے طور پر سوشل میڈیا پر رافیل ہونے والی پوسٹ، تاہم رافیل طیاروں کا ملبہ جاتے ہوا کر آئی ہے بلیا کہ سوا اور اس سے متاثر رکھنے والے ویڈیو گیمز کا سوفٹ ویئر کیا گیا ہے۔ فرانسیسی رپورٹ کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی جنگ کے دوران ایک ہزار سے زائد سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنائے گئے ہیں جو جنگی کی تیاری کی ڈیزی شہرت کرنے کا جواب پھیلا رہے ہیں۔ فرانسیسی فوجی عہدیداروں نے کہا کہ رافیل کے حوالے سے جو بیانات ان کی کم از کم برابر سات طیاروں کی کرتی، تنگ پر رافیل میں کئی پرانات ماند کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈین کے سفارت خانوں میں مقامی اتاشی کی سربراہی میں رافیل کی فروخت میں کمی کے لئے اور خصوصاً انڈونیشیا سمیت ان ممالک کو اپنے موقف سے قائل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جو فرانسیسی طیارے خریدنے کا معاہدہ کر چکے ہیں، وہ یہ طیارے خریدنے نہ خریدنے اور جنگی طیارے خریدنے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ فرانسیسی فوجی عہدیداروں نے رپورٹ انٹیلی جنس سمیت شاہد ظاہر کرنے کی شرط بتاتے ہوئے کہا کہ انڈین طیاروں اور دیگر دفاعی ساز و سامان کی فرانسیسی فوجی صنعت اور حکومت کی دوسرے ممالک سے تعلقات مضبوط کرنے سمیت ذاکر داری شعبہ ہے، ان ممالک میں انڈیا کے کئی ممالک بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی ناکام رافیل طیاروں کی شہرت کو پہنچنے والے نقصان کا دفاع کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہے اس نے انہوں نے پاکستان اور انڈونیشیا پہنچانے کا اعلان کیا ہے اور اس انکشاف پر پیغام ہے کہ رافیل طیاروں کی بدنامی کی وجہ سے فرانسیسی حکومت کو اپنی ساکھ بچانے کی کوشش کرنی پڑ رہی ہے۔ فرانسیسی عہدیداروں کا کہنا ہے کہ انڈونیشیا کے صدر پرابوو سبیانتو نے رافیل طیاروں کی خریداری کا فیصلہ کیا ہے اور خود کو ملنے میں ریجنل استحکام کو ترجیح

آزاد کشمیر انتخابات مسلم لیگ ن پوری طرح متحرک ہے، رانا ثناء اللہ

الیکشن سے قبل تمام اختلافات کو دور کرنا ہوگا، پاکستان میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تمام سیٹیں جیتیں گے

اسلام آباد (پیپلز رپورٹ) کشمیر وزیر اعظم رانا ثناء اللہ نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات کے حوالے سے تیاریاں جاری ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کشمیر اعظم رانا ثناء اللہ کو کہنا تھا کہ آزاد کشمیر بھر میں مسلم لیگ ن پوری طرح متحرک ہے، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی قیادت سے سیاسی مشاورت کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن سے قبل تمام اختلافات کو دور کرنا ہوگا، پاکستان میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تمام سیٹیں جیتیں گے۔

ملک میں شدید بارشوں کی پیشگوئی، این ڈی ایم اے کا الرٹ جاری

دریائے کابل، سندھ، چناب، سوات، چترال، ہنزہ اور دیگر ندی نالوں کے بہاؤ میں اضافہ متوقع

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے ملک میں شدید بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق ندی نالوں اور دریاؤں میں طغیانی کا خطرہ ہے، گلگت بلتستان میں دریائے ہنزہ، ہنزہ اور دیگر ندی نالوں کے بہاؤ میں اضافہ متوقع ہے، شمال مشرقی پنجاب، جنوبی بلوچستان اور آزاد کشمیر میں سیلابی صورتحال کا خدشہ ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ندی نالوں اور دریاؤں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ دریائے چناب کے مرالہ اور قادر آباد مقامات پر کم درجے کے سیلاب کا امکان ہے۔

ملک بھر میں 10 جولائی تک شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال کا الرٹ جاری

پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان میں ندی نالوں اور دریاں میں طغیانی کا خطرہ

اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے نے ملک بھر میں 10 جولائی تک شدید بارشوں اور سیلابی صورتحال کا الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ندی نالوں اور دریاں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ دریائے چناب کے مرالہ اور قادر آباد مقامات پر کم درجے کے سیلاب کا امکان ہے۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، راولپنڈی، راجہ بازار میں ماشہ پنجاب کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

تھرپارکر، بیماری ملاقاتی کی سیر کرنے گئے 11 سیاح ریلے میں پھنس گئے، ایک ہلاک

تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر کے بیماری ملاقاتی کا تھرپارکر پر سیر کرنے گئے 11 سیاح ریلے میں پھنس گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ان 11 میں سے 10 سیاحوں کو بچا لیا گیا جب کہ ایک شخص ڈوب گیا، ڈوبنے والے شخص کا تعلق کراچی سے ہے جس کی لاش مل گئی۔ متوفی کی لاش کو مسلسل کوششوں کے بعد بند سے نکالا گیا، جاں بحق شخص کا تعلق کراچی کے علاقے گارڈن سے ہے۔

ایس آئی ایف سی کا دوسرا سال، آئی ٹی و ٹیلی کام کے شعبوں میں تاریخی کامیابیاں

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں منسٹری آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کا کلیدی کردار، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے دوسرے سال میں ملک کے آئی ٹی اور ٹیلی کام شعبوں نے تاریخی کامیابیاں حاصل کیں۔ رپورٹ کے مطابق آئی ٹی کے شعبے میں ایس آئی ایف سی کی کاوشیں ثمر آور ثابت ہوئی ہیں اور پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں منسٹری آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ آئی ٹی سیکٹر کی ترقی اور عالمی کمپنیوں کی سرمایہ کاری سے جدید ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر مستحکم ہوا ہے۔ عالمی سطح پر پاکستان کے آئی ٹی کے شعبے کی اہمیت میں ایس آئی ایف سی کی بدولت نمایاں اضافہ ممکن ہوا ہے اور پاکستان میں 12 ارب کا ریکارڈ پی آئی ٹی انکلوژن فنڈ بنائی گئی ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے آئی ٹی کے شعبے میں روزگار کے لئے مواقع فراہم کئے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے راولپنڈی ڈیلیپارک روڈ نواز شریف فلائی اوور کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے موقع پر عوام پھولوں کی پتیاں نچھاور کر رہے ہیں

سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کا نیا پروسیجر 2025 جاری کر دیا گیا

پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ 2023 کے تحت نئے ضوابط نافذ العمل ہوں گے، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کا نیا پروسیجر 2025 جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں کمیٹی نے 29 مئی کو پروسیجر منظور کیا تھا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ 2023 کے تحت نئے ضوابط نافذ العمل ہوں گے۔ کمیٹی کی سربراہی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کر رہے ہیں۔ کمیٹی میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس امین الدین شامل ہیں۔ عدالت عظمیٰ کی کمیٹی کا اجلاس چیف جسٹس جب چاہیں تو ریمٹ یا ورچوئل سمیت کسی بھی طریقے سے طلب کر سکتے ہیں، کمیٹی کے اجلاس کیلئے کورم ارکان کا موجود ہونا لازم قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ کی کمیٹی بنچوں کی تشکیل باقاعدہ بنیاد پر کرے گی، ترجیحاً ہفتہ یا ہر پندرہ روز میں کرے گی، جب چیف جسٹس ملک سے باہر ہوں یا دستیاب نہ ہوں تو وہ خصوصی کمیٹی تشکیل دے سکتے ہیں، اس کے خصوصی کمیٹی جج کی بیماری، وفات، غیر موجودگی یا علیحدگی کی صورت میں بنچ کی ہیئت میں تبدیلی کر سکتی ہے۔

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی کراچی میں مرکزی جلوس عاشورہ کی قیادت

لیاری میں عمارت گرنے کا واقعہ افسوسناک ہے، ذمہ داروں کو سزا دیں گے

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے مرکزی جلوس عاشورہ کی قیادت کی، میڈیا سے گفتگو میں یوم عاشورہ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور لیاری میں عمارت گرنے کے افسوسناک واقعے پر تازہ ترین صورتحال پر اظہار خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حضرت امام حسینؑ کی لازوال قربانی اور جرأت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ عاشورہ فلسفہ کے خلاف اٹھ جانے کی ایک زندہ روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دن ہر آنکھ اشکبار ہوئی ہے۔ انہوں نے جلوس میں شریک عزاداروں کے ساتھ یکجہتی کے طور پر پیدل چل کر شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے سندھ بھر میں محرم الحرام کے دوران ہونے والے پرامن جلوسوں کے انتظامات کو سراہا اور کہا کہ یہ واقعہ افسوسناک ہے۔ پرتاز ہزار عزاداروں کی شرکت پر اظہار خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حضرت امام حسینؑ کی لازوال قربانی اور جرأت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ عاشورہ فلسفہ کے خلاف اٹھ جانے کی ایک زندہ روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دن ہر آنکھ اشکبار ہوئی ہے۔ انہوں نے جلوس میں شریک عزاداروں کے ساتھ یکجہتی کے طور پر پیدل چل کر شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے سندھ بھر میں محرم الحرام کے دوران ہونے والے پرامن جلوسوں کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر کراچی کے مطابق یوم عاشورہ کے موقع پر 17,500 جلوس منعقد ہوئے جن میں سے 8,000 سے زائد کو حساس قرار دیا گیا اور ان کے لیے خصوصی سکیورٹی انتظامات کیے گئے۔

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری داتا دربار میں منعقدہ حضرت سید امام حسینؑ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

سندھ میں محنت کشوں کیلئے کم از کم ماہانہ اجرت 40 ہزار روپے مقرر کرنے کی تجویز

سندھ حکومت مزدور دوست ہے، محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، صوبائی وزیر محنت

کراچی (این این آئی) سندھ میں محنت کشوں کے لیے کم از کم ماہانہ اجرت 40 ہزار روپے مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ کم از کم اجرت پر ورکرز ویلفیئر بورڈ کے سیکرٹری نے کمیٹی کو آگاہی دی۔ ذرائع کے مطابق ہم سندھ میں کنٹی نے 29 مئی کو پروسیجر منظور کیا تھا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ 2023 کے تحت نئے ضوابط نافذ العمل ہوں گے۔ کمیٹی کی سربراہی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کر رہے ہیں۔ کمیٹی میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس امین الدین شامل ہیں۔ عدالت عظمیٰ کی کمیٹی کا اجلاس چیف جسٹس جب چاہیں تو ریمٹ یا ورچوئل سمیت کسی بھی طریقے سے طلب کر سکتے ہیں، کمیٹی کے اجلاس کیلئے کورم ارکان کا موجود ہونا لازم قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ کی کمیٹی بنچوں کی تشکیل باقاعدہ بنیاد پر کرے گی، ترجیحاً ہفتہ یا ہر پندرہ روز میں کرے گی، جب چیف جسٹس ملک سے باہر ہوں یا دستیاب نہ ہوں تو وہ خصوصی کمیٹی تشکیل دے سکتے ہیں، اس کے خصوصی کمیٹی جج کی بیماری، وفات، غیر موجودگی یا علیحدگی کی صورت میں بنچ کی ہیئت میں تبدیلی کر سکتی ہے۔

پنجاب میں سون سون بارشوں بارے پی ڈی ایم اے کی رپورٹ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں ہونے والی سون سون بارشوں بارے پی ڈی ایم اے نے رپورٹ جاری کر دی۔ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق منگل کی صبح 31 اگست تک 29 اور بنگر میں 23 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ سوہاوہ 18، لاہور 7، ٹاہلی میں 6 ملی میٹر میں 3 منٹ کی بارش ہوئی۔ 31 اگست کو غازی خان 29 اور بنگر میں 23 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ سوہاوہ 18، لاہور 7، ٹاہلی میں 6 ملی میٹر میں 3 منٹ کی بارش ہوئی۔ 2 ملتان میں 1 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔

پاکستان کو ٹونا مچھلی کی برآمد سے 200 ملین ڈالرز آمدن متوقع

ٹرین اوشین ٹونا کمیشن سے 25 ہزار ٹن کوٹہ حاصل کر لیا، وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو آئندہ برسوں میں ٹونا مچھلی کی برآمدات سے 200 ملین ڈالرز کی آمدنی متوقع ہے، حکومت نے ماہی گیری کے شعبے میں بڑی اصلاحات متعارف کروا دی ہیں۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری نے اعلان کیا کہ پاکستان نے انٹرین اوشین ٹونا کمیشن (IOTC) سے 25 ہزار میٹرک ٹن ٹونا مچھلی کا کوٹہ حاصل کر لیا ہے، جس میں 15 ہزار ٹن سٹرلوں ٹونا اور 10 ہزار ٹن ایلبیکور جیک ٹونا شامل ہیں، یہ کوٹہ ماحولیاتی تحفظ اور سمندری حیاتیات کی پائیدار دیکھ بھال کے اصولوں کے تحت حاصل کیا گیا ہے۔ وزیر بحری امور نے اسے پاکستان کے نیلی معیشت کیلئے تاریخ ساز قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹونا مچھلی کا کوٹہ حاصل کرنا ہمارے ماہی گیروں کے لئے نئی منڈیوں تک رسائی کا راستہ کھولے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ساحلی پٹی 1,000 کلومیٹر طویل ہے، ہم ٹونا کی برآمد کے ذریعے زرمبادلہ کما سکتے ہیں۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ ٹونا کی برآمد سے ماہی گیروں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، ساحلی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹونا کی برآمد سے پاکستان کی معیشت کو مضبوطی ملے گی اور ماہی گیروں کی زندگی میں بہتری آئے گی۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ ٹونا کی برآمد سے ماہی گیروں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، ساحلی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹونا کی برآمد سے ماہی گیروں کی زندگی میں بہتری آئے گی۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ پاکستان کی ساحلی پٹی 1,000 کلومیٹر طویل ہے، ہم ٹونا کی برآمد سے زرمبادلہ کما سکتے ہیں۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ ٹونا کی برآمد سے ماہی گیروں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، ساحلی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔

الیکشن پٹیشن کی بحالی کا اختیار ٹریبونل کو حاصل ہے، لاہور ہائیکورٹ

جسٹس انور حسین نے پی پی 201 سے آزاد امیدوار محمد یاری مسم لیگ (ن) کے امیدوار وجاہت کے خلاف انتخابی اپیل پر 16 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا

لاہور (پیپلز رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس انور حسین جو بطور الیکشن ٹریبونل خدمات سرانجام دے رہے ہیں نے ایک اہم آئینی و قانونی نکتے پر فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ الیکشن ٹریبونل کو مدعی پٹیشن کی بنیاد پر مسترد شدہ الیکشن بحال کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ جسٹس انور حسین نے پی پی 201 سے آزاد امیدوار محمد یاری مسم لیگ (ن) کے امیدوار وجاہت مسم کے خلاف انتخابی اپیل پر 16 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔

سیاسی پیشقدمی اور انتقامی سیاست کو فن کے بغیر آگے نہیں بڑھایا جا سکتا، جاوید قصوری

بھارت اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی میں ملوث ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب و سینیٹر جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت بند گلی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، سیاسی پیشقدمی اور انتقامی سیاست کو فن کے بغیر ملک آگے نہیں چلایا جا سکتا۔ اس کا خمیازہ قوم کو بھگتنا پڑ رہا ہے، ہمارے ہمسایہ ملک ترقی و خوشحالی میں آگے نکل چکے ہیں، پاکستان جنوبی ایشیا کا سب سے مہنگا ترین ملک بن چکا ہے، ادارے تباہ اور کرپشن نے عام آدمی کو کھلا کر رکھ دیا ہے۔ آئی ٹی سیکٹر کی ترقی کے دعوے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی میں سب ملک کر اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ کوئی بھی چیز پاکستان کی سلامتی سے بڑھ کر نہیں ہو سکتی۔ ہمیں اختلافات کو ختم کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ دشمن کو تاکتی حملہ آور ہیں، بھارت اپنی شکست کا بدلہ لینے کے لئے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی وارداتیں کروا رہا ہے۔

نارووال، نالہ بیس میں پانی آنے سے سات افراد پھنس گئے

نارووال (این این آئی) نالہ بیس میں پانی آنے سے سات افراد پھنس گئے۔ ریسکیو 1122 نے کارروائی کرتے ہوئے باہر نکال لیا۔ بتایا گیا ہے کہ تفصیل شکر گڑھ میں نالہ بیس میں اچانک پانی آنے کے باعث دوسری جانب کئی افراد پھنس گئے تھے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ریسکیو ٹیم نے فوری موقع پر ریسپانس کیا۔ ڈائریکٹر ریسکیو ٹیم نے بروقت اور پیشہ ورانہ انداز میں کارروائی کرتے ہوئے تمام سات افراد کو بحفاظت محفوظ مقام پر منتقل کیا۔

پاکستان ریلوے میں متعدد افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے میں متعدد افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے گئے۔ نیشنل ڈیلی ایس بیچ کوئٹہ ریلوے کالونی کے ڈائریکٹر ریلوے کو سبکدوش کر دیا گیا۔ ایم ایم ایس بیچ کوئٹہ کے ڈائریکٹر ریلوے کو سبکدوش کر دیا گیا۔ ڈی ایم ایم کراچی ہیڈ کوارٹر کو ڈی ایم ایم کراچی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ ڈپٹی ڈی ایم ایم ملتان ظہور رضا کو ایڈیشنل ڈی ایم ایم کوئٹہ کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ ڈی ایم ایم کراچی ہیڈ کوارٹر کو ڈی ایم ایم کراچی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔

لاہور: ہنر برائے امن پنجاب بال لائبریری ڈپٹی کمشنر لاہور کے ہمراہ لاہور میں شہری تقریبات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

کراچی: لیاری میں گرنیوالی عمارت کا 60 گھنٹوں بعد ریسکیو آپریشن مکمل، ریوی مشینری روانہ

حادثے میں 27 جاں بحق افراد میں خواتین اور بچوں کی ایک بڑی تعداد شامل ہے، ایک 11 افراد کو بچا لیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے لیاری بلوچواڑی میں زمین بوس ہونے والی تین منزلہ رہائشی عمارت کا ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 27 افراد کی لاشیں نکالی گئی ہیں اور ریسکیو مکمل مکمل ہونے کے بعد ریوی مشینری بھی گئی۔ تفصیلات کے مطابق 4 جولائی 2025 کی صبح لیاری کے علاقے بلوچواڑی میں 5 منزلہ رہائشی عمارت گر گئی تھی جس کے ملبے میں 27 افراد موقع پر جاں بحق اور خواتین سمیت آٹھ افراد زخمی ہو گئے تھے۔ ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 27 لاشیں نکالی گئی ہیں، 11 زخمیوں میں 10 کی تعداد اور 1 مرد شامل ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 27 افراد کی لاشیں نکالی گئی ہیں، آخری لاش نوجوان لڑکے کی نکالی گئی۔ ریسکیو اداروں کی جانب سے ملبہ ہٹانے کا کام مکمل کر لیا جا چکا ہے، اس کے لیے ریوی مشینری استعمال کی گئی، جو اب روانہ ہو گئی ہے۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق عمارت کے ملبے سے 27 افراد کی لاشیں برآمد کی گئیں، 11 زخمیوں میں 10 کی تعداد اور 1 مرد شامل ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 27